# صحت بیمہ اور
# آپ کی رازداری

نیویارک سٹی محکمہ صحت ان ذاتی معلومات کی قانون کی مکمل حد تک حفاظت کرتا ہے جنہیں لوگ صحت بیمہ میں اندراج کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ **تاہم**، 2026 سے، وفاقی Medicaid ایجنسی مخصوص معلومات، بشمول اندراج شدہ کچھ افراد کے نام اور پتے، امریکی امیگریشن اور کسٹمز نافذ کرنے والے ادارے (U.S. Immigration and Customs Enforcement, ICE) کے ساتھ شیئر کر رہی ہے تاکہ امیگریشن کے نفاذ میں مدد مل سکے۔

فی الحال اس کا اطلاق صرف ان لوگوں پر ہوتا ہے جن کی امیگریشن کی حیثیت قانونی نہیں ہے، جیسے کہ وہ لوگ جو صرف Emergency Medicaid کے لیے اہل ہیں اور Medicaid میں اندراج شدہ کچھ لوگ۔ فی الحال اس کا اطلاق ان لوگوں پر **نہیں** ہوتا جن کے پاس قانونی مستقل رہائشی (گرین کارڈ) کی حیثیت ہے یا جن کے پاس درست ویزا ہے، اسی طرح مہاجرین، پناہ گزین، اور کچھ دیگر زمروں سے تعلق رکھنے والے افراد پر نہیں ہوتا۔

نیویارک سٹی محکمہ صحت کا صحت بیمہ اندراج کا مشیر آپ کو صحت بیمہ کے لیے سائن اپ کرنے کے خطرات اور فوائد کے بارے میں مشورہ دے سکتا ہے۔ اگر آپ صحت بیمہ کے لیے سائن اپ کرنے کی کارروائی کو آگے نہیں بڑھانا چاہتے ہیں، تو اندراج کا ایک مشیر آپ کو نیویارک سٹی میں سستی نگہداشت صحت کی خدمات تک رسائی کے لیے دیگر اختیارات فراہم کر سکتا ہے۔

یہ ایک بدلتی ہوئی صورتحال ہے۔ مزید جاننے کے لیے، **nyc.gov/immigranthealth** ملاحظہ کریں۔